اہم اعلان

☆ بنات کے نئے چھ سالہ نصاب تعلیم کے مطابق ثانویہ خاصہ سال اول (بنات) کے نصاب کو ثانویہ عامہ بنات کا نصاب شمار کیا جائے گا۔ نئے تعلیمی سال شوال 1433ھ سے اسی نصاب کے مطابق ثانویہ عامہ بنات کا داخلہ ہوگا۔ جس کے لئے میٹرک کی شرط نہیں ہوگی۔ جبکہ ثانویہ خاصہ، عالیہ اور عالمیہ بنات کا امتحان پرانے نصاب کے مطابق ہی ہوگا۔

ثانویہ عامہ بنات کا نصاب درج ذیل ہے۔

ترجمہ و تفسیر	حدیث	فقہ وسیرت	صرف	نحو	ادب
ترجمہ وتفسیر پارہ عم	جوامع الکلم (مولانا مفتی محمد شفیعؒ) بعدہٗ زادالطالبین مکمل مع ترکیب باب اوّل	بہشتی زیور (ج۔۲۔۳۔۴) حصہ سیرت از تاریخ اسلام	علم الصرف (ج۔۱۔۲۔۳) مع اجراء از تمرین الصرف	(۱) علم النحو مع اجراء از تمرین النحو / تسہیل النحو (۲) عوامل النحو با ترکیب	الطریقۃ العصریہ (ج۔۱) عربی کا معلم (حصہ اوّل، دوم) مولانا عبدالستار خان

☆ درجہ متوسطہ کے نئے نصاب کی تنفیذ میں کچھ انتظامی مشکلات کی وجہ سے فی الحال سابقہ نصاب ہی بحال رکھا گیا ہے اور شوال 1433ھ سے شروع ہونے والے نئے تعلیمی سال میں درجہ متوسطہ کا پرانا نصاب ہی پڑھایا جائے گا۔

☆ شوال 1433ھ سے دراسات دینیہ کا نیا دو سالہ نصاب نافذ العمل ہے اور اسی نصاب کے مطابق سال اول و دوم کا امتحان ہوگا۔ جبکہ دراسات دینیہ سال سوم کا امتحان سابقہ نصاب کے مطابق ہوگا اور آئندہ کے لئے سال سوم ختم ہو جائے گا۔

☆ پرچہ جات پر نظر ثانی کی درخواستیں 30 شوال المکرّم تک وصول کی جائیں گی۔ نظر ثانی دو مراحل میں مکمل ہوگی۔ 15 شوال المکرّم تک موصول ہونے والی درخواستوں پر ضمنی امتحان سے قبل نظر ثانی ہوگی جبکہ 15 شوال کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر نظر ثانی ضمنی امتحان کے بعد ہوگی۔

☆ ضمنی امتحان 29 ستمبر تا یکم اکتوبر 2012ء مطابق 12 ذیقعدہ تا 14 ذیقعدہ 1433ھ بروز ہفتہ، اتوار، پیر منعقد ہوگا اور داخلہ 20 شوال تک وصول کیا جائے گا۔

☆ نئے تعلیمی سال شوال 1433ھ سے جو طلبہ درجہ اولیٰ میں داخلہ لیں گے ان کی رجسٹریشن ماہِ صفر میں کروائی جائے۔

☆ ثانویہ عامہ بنین 1434ھ کے داخلے کے لئے رجسٹریشن کارڈ ضروری ہے۔ لہٰذا ایسے طلبہ جو ثانویہ عامہ میں ناکام ہو چکے ہیں یا درجہ اولیٰ پڑھ چکے ہیں اور ابھی تک رجسٹریشن نہیں کروائی ان کی رجسٹریشن ماہِ شوال میں مکمل کروائی جائے۔

شائع کردہ: مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان گارڈن ٹاؤن ملتان